بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ (البقرہ: 149)

# نیوز لیٹر اپریل-2026

مجلس انصاراللہ نیدرلینڈ

www.ansarullah.nl

# شرائطِ بَیعت سلسلہ عَالیہ احمدیہ

## تحریرفرمودہ

### حضرت مِرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام

**اوّل:** بیعت کنندہ سچّے دل سے عہد اِس بات کا کرے کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو جائے شرک سے مجتنب رہے گا۔

**دوم:** یہ کہ جُھوٹ اور زِنا اور بَدنظری اور ہر ایک فسق و فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا اور نفسانی جوشوں کے وقت اُن کا مغلوب نہیں ہوگا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔

**سوم:** یہ کہ بلا ناغہ پنجوقتہ نماز موافق حُکمِ خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا اور حتی الوسع نمازِ تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم ﷺ پر درُود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفا کرنے میں مداومت اختیار کرے گا اور دِلی محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اُس کی حَمد اور تعریف کو اپنا ہر روز وِرد بنائے گا۔

**چھارم:** یہ کہ عام خلق اللہ کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اپنے نفسانی جوشوں سے کسی نَوع کی ناجائز تکلیف نہیں دے گا، نہ زبان سے، نہ ہاتھ سے، نہ کسی اَور طرح سے۔

**پنجم:** یہ کہ ہر حال رنج و راحت اور عُسر اور یُسر اور نعمت اور بلاء میں خدا تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کرے گا اور بہر حالت راضی بقضاء ہوگا اور ہر ایک ذِلّت اور دُکھ کے قبول کرنے کیلئے اسکی راہ میں تیار رہے گا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے مُنہ نہیں پھیریگا بلکہ آگے قدم بڑھائیگا۔

**ششم:** یہ کہ اتبّاعِ رسم اور متابعتِ ہَوا وہَوس سے باز آجائے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلّی اپنے سر پر قبول کرے گا اور قال اللہ اور قال الرسول کو اپنے ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔

**ھفتم:** یہ کہ تکبّر اور نخوت کو بکلّی چھوڑ دے گا اور فروتنی اور عاجزی اور خوش خُلقی اور حلیمی اور مسکینی سے زندگی بسر کرے گا۔

**ھشتم:** یہ کہ دین اور دین کی عزّت اور ہمدردی اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی عزّت اور اپنی اولاد اور اپنے ہر یک عزیز سے زیادہ عزیز سمجھے گا۔

**نھم:** یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض لِلّٰہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بَس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نَوع کو فائدہ پہنچائے گا۔

**دھم:** یہ کہ اِس عاجز سے عَقدِ اخوّت محض لِلّٰہ باقرارِ طاعت در معروف باندھ کر اس پر تاوقتِ مرگ قائم رہے گا اور اِس عَقدِ اخوّت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہو گا کہ اس کی نظیر دُنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔

---

(اشتہار تکمیلِ تبلیغ ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء)

فاستبقوا الخیرات

# کارکردگی مجالس مقامی بابت ماہ مارچ 2026ء

## عمومی

- ماہ مارچ 2026ء کے دوران حسب ذیل تمام 22 مجالس میں اجلاسات عام کا انعقاد ہوا:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الکمار | زوترمیر | المیرے Stad | ایمسٹلفین | آرنہم | ایمسٹرڈیم سینٹرم |
| ایمسٹرڈیم ZO | ڈین بوش | ڈین ہاگ | آئینڈہوون | خرونگن | لائیڈن |
| Lelystad | لیوارڈن | ماسترخت | نن سپیت | نائیمیخن | روٹرڈیم |
| سخیدم | اترخت | زوالے | المیرے Oost | | |

- ماہ مارچ 2026ء کے دوران حسب ذیل 17 مجالس میں اجلاسات عاملہ کا انعقاد ہوا:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الکمار | ایمسٹرڈیم سینٹرم | المیرے Stad | لائیڈن | اترخت | نن سپیت |
| روٹرڈیم | خرونگن | زوالے | آرنہم | لیوارڈن | سخیدم |
| ڈین ہاگ | آئینڈہوون | ماسترخت | ڈین بوش | Lelystad | |

- درج ذیل 18 مجالس کی رپورٹس بروقت مرکز موصول ہوئیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زوالے | اترخت | المیرے Stad | ایمسٹلفین | آرنہم | ایمسٹرڈیم سینٹرم |
| ایمسٹرڈیم ZO | ڈین بوش | ڈین ہاگ | آئینڈہوون | خرونگن | لائیڈن |
| Lelystad | سخیدم | ماسترخت | نن سپیت | نائیمیخن | روٹرڈیم |

# تبلیغ

- دورانِ ماہ درج ذیل 11 مجالس نے 18 بک سٹال کا انتظام کیا؛

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ایمسٹرڈیم سینٹرم<br>01۔بک سٹال | ماسترخت<br>01۔بک سٹال | ڈین ہاگ<br>01۔بک سٹال | زوترمیر<br>03۔بک سٹال | لیوارڈن<br>01۔بک سٹال | ڈین بوش<br>01۔بک سٹال |
| نائیمیخن<br>01۔بک سٹال | آرنہم<br>02۔بک سٹال | نن سپیت<br>05۔بک سٹال | المیرے Oost<br>01۔بک سٹال | سخیدم<br>01۔بک سٹال | |

- دورانِ ماہ 17 مجالس نے تبلیغی فولڈرز کی تقسیم کا اہتمام کیا جس میں 88 انصار نے حصہ لیا اور مجموعی طور پر 6,442 تبلیغی فولڈرز تقسیم کیئے گئے، مجلس اترخت نے سب سے زیادہ 1,500 تبلیغی فولڈر تقسیم کئے۔

# ایثار

دورانِ ماہ درج ذیل مجالس نے اسپتالوں اور رفاحی اداروں کے دورہ جات کا پروگرام ترتیب دیا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ایمسٹرڈیم سینٹرم | المیرے Oost | ڈین ہاگ | لائیڈن | روٹرڈیم | آرنہم |
| لیوارڈن | نن سپیت | ماسترخت | خرونگن | زوولے | |

درج ذیل 13 مجلس میں دورانِ ماہ وقارِ عمل کا انعقاد ہوا جس میں مجموعی طور پر 63 انصار نے حصہ لیا؛

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ایمسٹرڈیم سینٹرم | ڈین ہاگ | ایمسٹرڈیم Zuid Oost | سخیدم | لائیڈن |
| خرونگن | لیوارڈن | آرنہم | ماسترخت | روٹرڈیم |
| زوترمیر | ایمسٹلفین | Lelystad | | |

# ذہانت و صحت جسمانی

- مجلس سخیدم، نن سپیت اور مجلس آرنہم میں کرکٹ میچز کا انعقاد ہوا۔
- مجلس اترخت میں پکنک برائے تبلیغ پروگرام کا انعقاد ہوا۔

## مال

دورانِ ماہ چندہ انصار اللہ کی وصولی کے حوالہ سے تین بہترین مجالس حسب ذیل رہیں:

- اوّل مجلس : خرونگن وصولی 56%
- دوم مجلس : ایمسٹرڈیم سینٹرم وصولی 47%
- سوم مجلس : ایمسٹرڈیم Zuid Oost وصولی 45%

دورانِ ماہ چندہ انصار اللہ کی وصولی کے حوالہ سے بہترین ریجنز حسب ذیل رہے:

- اوّل ریجن : Noord Nederland وصولی 31.10%
- دوم ریجن : Oost Nederland وصولی 30.00%

# مرکزی کارکردگی

### ماہانہ آن لائن نالج سیشن

مورخہ 26 مارچ 2026ء کو آن لائن نالج سیشن پروگرام منعقد ہوا جس میں 143 انصار نے شمولیت اختیار کی۔

### ہفتۂ تربیت

مورخہ 09 تا 15 مارچ 2026ء ہفتہ تربیت منایا گیا۔

# رپورٹ ریجنل اجتماعات مجلس انصاراللہ نیدرلینڈ

محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور پیارے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں اور صدر مجلس انصاراللہ محترم داؤد اکمل صاحب کی راہنمائی میں مجلس انصاراللہ کے کل 6 ریجنز کو ماہ اپریل 2026 میں کامیاب سالانہ ریجنل اجتماعات منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ نے مکرم نذیر احمد اعوان صاحب (نائب صدر اوّل) کو اجتماعات کا کوآرڈینیٹر مقرر فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں اجتماعات کی کامیابی کے لئے دعائیہ خط لکھا گیا۔ پیارے حضور نے دعا فرمائی۔

اجتماع کا تعلیمی سلیبس تیار کیا گیا اور ورزشی مقابلہ جات کی تفصیل کے ساتھ مجالس کو بھیجا گیا تمام مجالس نے بھرپور شرکت کی۔

ناظمین اعلیٰ ریجنز، محترم شیخ وسیم احمد صاحب، محترم ناصر احمد صاحب، محترم ضیاء القمر صدیقی صاحب، محترم عبدالسمیع گنگاہ صاحب، محترم منیر عباس قاضی صاحب اور محترم سلطان احمد ڈار صاحب نے اپنی ٹیمز تشکیل دیں اور نہائت محنت و لگن اور خوش اسلوبی سے تمام کاموں کو پایا تکمیل تک پہنچایا۔

| نام ریجن | مجالس | تاریخ | مقام | حاضری |
|---|---|---|---|---|
| نارتھ ہالینڈ | 4 | 19 اپریل۔اتوار | بیت المحمود | 71+17=88 |
| فلیفولینڈ | 4 | 12 اپریل-اتوار | بیت العافیت | 86+14=100 |
| ساؤتھ ہالینڈ | 5 | 12 اپریل-اتوار | مسجد مبارک | 96+6=102 |
| نارتھ نیدرلینڈ | 3 | 5 اپریل-اتوار | بیت النور | 53+12=65 |
| ایسٹ نیدرلینڈ | 3 | 4 اپریل-ہفتہ | بیت النور | 60+10=70 |
| برابنت/لمبرخ | 3 | 4 اپریل-ہفتہ | ہال | 56+8=64 |

علمی مقابلہ جات میں تلاوت قرآن کریم، دعائیں، حفظ قرآن، اذان، نظم، تقریر، تقریر فی البدیہ، قصیدہ، بیت بازی، اور پیغام رسانی شامل تھے۔

ورزشی مقابلہ جات میں فٹ بال، والی بال، ٹیبل ٹینس، رسہ کشی، کلائی پکڑنا، میوزیکل چیئر، ڈارٹ اور سائیکلنگ شامل تھے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے ان اجتماعات کو ہمارے لئے ثمر باد بناوے آمین۔

# ریجنل اجتماعات کی تصاوِیری جھلکیاں









ISLAM


میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا
Wij zijn Allah's helpers
De Beloofde Messias is gekomen


الا بذکر الله تطمئن القلوب

# اعلانات




بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیارے انصار بھائیو

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے، نیشنل اجتماع مجلس انصار اللہ ہالینڈ، ان شاء اللہ، 12، 13 اور 14 جون 2026 کو فیئر ہاؤتن میں منعقد ہوگا، جس میں آپ کو شمولیت کی دعوت دی جاتی ہے۔

جماعتی اجتماعات میں شمولیت کے حوالے سے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ، "ایسے اجتماعات سے مومنوں کے درمیان محبت، اخوت اور دینی غیرت میں اضافہ ہوتا ہے۔

(ملفوظات جلد اول، صفحہ 441 ایڈیشن 2016)

امید ہے آپ اس بابرکت دینی اجتماع میں اپنی شمولیت کو یقینی بنائیں گے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا
بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲:۲۵۵﴾

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا
ہے پیشتر اس کے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ کوئی تجارت ہوگی اور نہ کوئی دوستی
اور نہ کوئی شفاعت۔ اور کافر ہی ہیں جو ظلم کرنے والے ہیں۔

# Chanda collection week

**11 may to 18 may 2026**

**Target**
**50% of your budget**


## Verplicht chanda

- Chanda Majlis
- Chanda Ijtema
- Chanda Ishaat

Majlis Ansarullah Nederland
Wij Zijn Allah's Helpers

**Bank account number**
Majlis Ansarullah Nederland
NL83 INGB 0000 0589 57

انصار اللہ آن لائن ادائیگی کی ویب سائٹ
https://maal.ansarullah.nl



# مقابلہ

# مقالہ نویسی

آخری تاریخ

**15 MAY 2026**

موضوع

## تعلق باللہ ایمان کی اصل بنیاد

مضمون 1000 سے 2000 الفاظ کے درمیان ہونا چاہئے۔

یہ مضمون قیادت تعلیم کو مقررہ تاریخ تک موصول ہو جانا چاہیے۔

Majlis Ansarullah Nederland
We are the Helpers of Allah

قیادت تعلیم، مجلس انصار اللہ نیدرلینڈز



Majlis Ansarullah Nederland
We are the Helpers of Allah
MAJLIS ANSARULLAH
NETHERLANDS
SPORTS
DAY
2026
Organized by
MAJLIS ANSARULLAH NETHERLANDS
MONDAY,
MAY 25, 2026
TEA:
09:00 AM
PROGRAM START:
10:00 AM
VENUE:
HEUVELWEG 7,
ZOETERMEER
FOOTBALL
CRICKET
VOLLEYBALL
TUG OF WAR
JOIN US FOR A DAY OF
UNITY, FITNESS & BROTHERHOOD!










الحمدللہ، 27 اپریل کو کنگز ڈے کے موقع پر مجلس نائیمیخن کو تبلیغی اسٹال لگانے کا موقع ملا، جس میں 8 انصار نے شرکت کی۔